SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
March 1, 2023

**SECP proposes changes in regulations to facilitate election of female and independent directors**

ISLAMABAD, March 1: The Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has proposed amendments to the Listed Companies (Code of Corporate Governance) Regulations, 2019 and the Companies (Postal Ballot) Regulations, 2018 with the aim to facilitate companies listed on Pakistan Stock Exchange (PSX) in meeting regulatory requirements relating to election of independent and female directors to their boards.

Draft amendments to the regulations along with a concept paper have been made public soliciting stakeholders' consultation. Under the proposed model, a three-tier voting structure for listed companies is being proposed whereby votes shall be casted separately for the three categories of directors i.e. female, independent and others. It shall be the discretion of the shareholders to cast their votes to any candidate in each of the three categories and number of votes for each category shall be counted separately. The model will not restrict the right of a person to be a director in multiple categories e.g a female director can also be an independent director.

It is pertinent to mention that the role of independent directors is globally recognized in bringing specialized expertise to the board and contributing to conflict resolution. The initiative to mandate the presence of at least one female director on the board is part of SECP's integrated approach to strengthening corporate governance in public interest companies. These reforms will not only improve the corporate governance framework but will also play an important role in protecting minority interest by ensuring election of independent directors in an efficient and transparent manner.

The consultation paper and notifications containing the proposed amendments are placed on the website of SECP for public consultation and feedback can be shared by emailing at category.voting@secp.gov.pk.

ایس ای سی پی نے خواتین اور آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب سے متعلقہ ضوابط میں ترامیم تجویز کر دیں

اسلام آباد (یکم مارچ) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج (PSX) میں لسٹ کمپنیوں کو بورڈز میں
انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز اور خواتین ڈائریکٹرز کے انتخاب میں آسانی اور متعلقہ ریگولیٹری تقاضوں کو پورا میں سہولت فراہم کرنے کے پیش نظر لسٹڈ کمپنیز

(کوڈآف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 میں ترامیم تجویز کیں ہیں۔ ترامیم کے مسودہ کو رائے عامہ کے حصول کے لئے کمیشن کی ویب سائٹ پر فراہم کر دیا گیا ہے۔

لسٹڈ کمپنیوں کے بورڈ پر اراکین کے انتخاب کے مجوزہ ماڈل میں ووٹنگ کے لئے تین درجے پر مشتمل اسٹکچر تجویز کیا گیا ہے جس کے تحت ڈائریکٹرز کی تین کیٹیگریز یعنی خواتین، آزاد اور دیگر کے لیے الگ الگ ووٹ ڈالے جائیں گے۔ یہ شیئر ہولڈرز کی صوابدید ہو گی کہ وہ تینوں کیٹیگریز میں سے ہر ایک میں کسی بھی امیدوار کو اپنا ووٹ ڈالیں اور ہر زمرے کے ووٹوں کی تعداد الگ سے شمار کی جائے گی۔ ووٹنگ کا یہ ماڈل ایک سے زیادہ کیٹیگری میں ڈائریکٹر بننے کے کسی شخص کے حق کو محدود نہیں کرے گا جیسے کہ ایک خاتون ڈائریکٹر ایک آزاد ڈائریکٹر بھی ہو سکتی ہے۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ بورڈ میں اسپشلائزیشن لانے اور تنازعات کے حل میں تعاون کرنے میں آزاد ڈائریکٹرز کے کردار کو عالمی سطح پر تسلیم کیا جاتا ہے۔ جبکہ مفاد عامہ کی کمپنیوں کے بورڈ میں کم از کم ایک خاتون ڈائریکٹر کی موجودگی کو لازمی قرار دینے کا اقدام ان اداروں میں کارپوریٹ گورننس کو مضبوط بنانے کے لیے ایس ای سی پی کی مربوط پالیسی کا حصہ ہے۔

یہ اصلاحات نہ صرف کارپوریٹ گورننس کے فریم ورک کو بہتر بنائیں گی بلکہ ایک موثر اور شفاف طریقے سے آزاد ڈائریکٹرز کے انتخاب کو یقینی بنا کر اقلیتی شئیر ہولڈرز کے مفادات کے تحفظ کے لئے اہم ہیں۔

ترامیم کا مجوزہ مسودہ کا نوٹیفیکیشن عوامی مشاورت کے لیے ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ دلچسپی رکھنے والے افراد اور کمپنیاں ای میل ایڈریس voting@secp.gov.pk پر اپنی تجاویز و آراء بھجوا سکتے ہیں۔